هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ وَ جَعَلَ مِنْهَا

زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلاً

خَفِيفاً فَمَرَّتْ بِهِ فَلَمَّا أَثْقَلَتْ دَعَوَا اللَّهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ

آتَيْتَنَا صَالِحاً لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ (189) فَلَمَّا

آتَاهُمَا صَالِحاً جَعَلاَ لَهُ شُرَكَاءَ فِيمَا آتَاهُمَا فَتَعَالَى

اللَّهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ (190) أَ يُشْرِكُونَ مَا لاَ يَخْلُقُ

شَيْئاً وَ هُمْ يُخْلَقُونَ (191) وَ لاَ يَسْتَطِيعُونَ لَهُمْ

نَصْراً وَ لاَ أَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُونَ (192) وَ إِنْ تَدْعُوهُمْ

إِلَى الْهُدَى لاَ يَتَّبِعُوكُمْ سَوَاءٌ عَلَيْكُمْ أَ دَعَوْتُمُوهُمْ

أَمْ أَنْتُمْ صَامِتُونَ (193) إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ

اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا لَكُمْ إِنْ

كُنْتُمْ صَادِقِينَ (194) أَ لَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا أَمْ

لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَا أَمْ
لَهُمْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا قُلِ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ
كِيدُونِ فَلاَ تُنْظِرُونِ (195) إِنَّ وَلِيِّيَ اللَّهُ الَّذِي نَزَّلَ
الْكِتَابَ وَ هُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ (196) وَ الَّذِينَ
تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ لاَ يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ وَ لاَ
أَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُونَ (197) وَ إِنْ تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَى
لاَ يَسْمَعُوا وَ تَرَاهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ وَ هُمْ لاَ
يُبْصِرُونَ (198) خُذِ الْعَفْوَ وَ أْمُرْ بِالْعُرْفِ وَ أَعْرِضْ
عَنِ الْجَاهِلِينَ (199) وَ إِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ
نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ إِنَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (200) إِنَّ الَّذِينَ
اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوا فَإِذَا
هُمْ مُبْصِرُونَ (201) وَ إِخْوَانُهُمْ يَمُدُّونَهُمْ فِي الغَيِّ

ثُمَّ لاَ يُقْصِرُونَ (202) وَ إِذَا لَمْ تَأْتِهِمْ بِآيَةٍ قَالُوا لَوْ

لاَ اجْتَبَيْتَهَا قُلْ إِنَّمَا أَتَّبِعُ مَا يُوحَى إِلَيَّ مِنْ رَبِّي

هٰذَا بَصَائِرُ مِنْ رَبِّكُمْ وَ هُدًى وَ رَحْمَةٌ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ

(203) وَ إِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَ أَنْصِتُوا

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (204) وَ اذْكُرْ رَبَّكَ فِي نَفْسِكَ

تَضَرُّعاً وَ خِيفَةً وَ دُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَ

الْآصَالِ وَ لاَ تَكُنْ مِنَ الْغَافِلِينَ (205) إِنَّ الَّذِينَ

عِنْدَ رَبِّكَ لاَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَ يُسَبِّحُونَهُ وَ

لَهُ يَسْجُدُونَ (206)

It is He who created you from a single person, and made his mate of like nature, in order that he might dwell with her (in love). When they are united, she bears a light burden and carries it about (unnoticed). When she grows heavy, they both pray to Allah their Lord, (saying): "If Thou givest us a goodly child, we vow we shall (ever) be grateful." But when He giveth them a goodly child, they ascribe to others a share in the gift they have

received: but Allah is exalted high above the partners they ascribe to Him. Do they indeed ascribe to Him as partners things that can create nothing, but are themselves created? No aid can they give them, nor can they aid themselves! If ye call them to guidance, they will not obey: For you it is the same whether ye call them or ye keep silent. Verily those whom ye call upon besides Allah are servants like unto you: call upon them, and let them listen to your prayer, if ye are (indeed) truthful! Have they feet to walk with? Or hands to lay hold with? Or eyes to see with? Or ears to hear with? Say: "Call your 'god-partners', scheme (your worst) against me, and give me no respite! "For my protector is Allah, who revealed the book (from time to time), and He will choose and befriend the righteous. "But those ye call upon besides Him, are unable to help you, and indeed to help themselves." If thou callest them to guidance, they hear not. Thou wilt see them looking at thee, but they see not. Hold to forgiveness; command what is right; but turn away from the ignorant. If a suggestion from Satan assail thy (mind), seek refuge with Allah; for He heareth and knoweth (all things). Those who fear Allah, when a thought of evil from Satan assaults them, bring Allah to remembrance, when lo! They see (aright)! But their brethren (the evil ones) plunge them deeper into error, and never relax (their efforts). If thou bring them not a revelation, they say: "Why hast thou not got it together?" Say: "I but follow what is revealed to me from my Lord: this is (nothing but) lights from your Lord, and guidance, and mercy, for any who have faith." When the Quran is read, listen to it with attention, and hold your peace: that ye may receive mercy. And do thou (O reader!) Bring thy Lord to remembrance in thy (very) soul, with humility and in reverence, without loudness in words, in the mornings and evenings; and be not thou of those who are

unheedful. Those who are near to thy Lord, disdain not to do Him worship: they glorify Him and prostrate before Him.

وہ اللہ ہی ہے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی کی جنس سے اس کا جوڑا بنایا تاکہ اس کے پاس سکون حاصل کرے- پھر جب مرد نے عورت کو ڈھانک لیا تو اسے ایک خفیف سا حمل رہ گیا جسے لیے لیے وہ چلتی پھرتی رہی- پھر جب وہ بوجھل ہو گئی تو دونوں نے مل کر اللہ، اپنے رب سے دعا کی کہ اگر تو نے ہم کو اچھا سا بچہ دیا تو ہم تیرے شکر گزار ہوں گے- مگر جب اللہ نے ان کو ایک صحیح و سالم بچہ دے دیا تو وہ اس کی بخشش و عنایت میں دوسروں کو اس کا شریک ٹھہرانے لگے- اللہ بہت بلند و برتر ہے ان مشرکانہ باتوں سے جو یہ لوگ کرتے ہیں- کیسے نادان ہیں یہ لوگ کہ اُن کو خدا کا شریک ٹھہراتے ہیں جو کسی چیز کو بھی پیدا نہیں کرتے بلکہ خود پیدا کیے جاتے ہیں، جو نہ ان کی مدد کر سکتے ہیں اور نہ آپ اپنی مدد ہی پر قادر ہیں- اگر تم انہیں سیدھی راہ پر آنے کی دعوت دو تو وہ تمہارے پیچھے نہ آئیں- تم خواہ انہیں پکارو یا خاموش رہو، دونوں صورتوں میں تمہارے لیے یکساں ہی رہے- تم لوگ خدا کو چھوڑ کر

جنہیں پکارتے ہو وہ تو محض بندے ہیں جیسے تم بندے ہو-ان سے دعائیں مانگ دیکھو، یہ تمہاری دعاؤں کا جواب دیں اگر ان کے بارے میں تمہارے خیالات صحیح ہیں- کیا یہ پاؤں رکھتے ہیں کہ ان سے چلیں؟ کیا یہ ہاتھ رکھتے ہیں کہ ان سے پکڑیں؟ کیا یہ آنکھیں رکھتے ہیں کہ ان سے دیکھیں؟ کیا یہ کان رکھتے ہیں کہ ان سے سنیں؟ اے محمدؐ، ان سے کہو کہ "بلالو اپنے ٹھہرائے ہوئے شریکوں کو پھر تم سب مل کر میرے خلاف تدبیریں کرو اور مجھے ہر گز مہلت نہ دو، میرا حامی و ناصر وہ خدا ہے جس نے یہ کتاب نازل کی ہے اور وہ نیک آدمیوں کی حمایت کرتا ہے-بخلاف اِس کے تم جنہیں خدا کو چھوڑ کر پکارتے ہو وہ نہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں اور نہ خود اپنی مدد ہی کرنے کے قابل ہیں، بلکہ اگر تم انہیں سیدھی راہ پر آنے کے لیے کہو تو وہ تمہاری بات سن بھی نہیں سکتے-بظاہر تم کو ایسا نظر آتا ہے کہ وہ تمہاری طرف دیکھ رہے ہیں، مگر فی الواقع وہ کچھ بھی نہیں دیکھتے"-اے نبیؐ، نرمی و در گزر کا طریقہ اختیار کرو، معروف کی تلقین کیے جاؤ، اور جاہلوں سے نہ الجھو-اگر

کبھی شیطان تمہیں اکسائے تو اللہ کی پناہ مانگو، وہ سب کچھ سننے اور جاننے والا

ہے۔ حقیقت میں جو لوگ متقی ہیں اُن کا حال تو یہ ہوتا ہے کہ کبھی شیطان

کے اثر سے کوئی برا خیال اگر انہیں چھو بھی جاتا ہے تو وہ فوراً چوکنے ہو جاتے

ہیں اور پھر انہیں صاف نظر آنے لگتا ہے کہ ان کے لیے صحیح طریق کار کیا

ہے۔ رہے ان کے (یعنی شیاطین کے) بھائی بند، تو وہ انہیں ان کی کج روی میں

کھینچے لیے چلے جاتے ہیں اور انہیں بھٹکانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتے۔ اے

نبیؐ، جب تم اِن لوگوں کے سامنے کوئی نشانی (یعنی معجزہ) پیش نہیں کرتے تو

یہ کہتے ہیں کہ تم نے اپنے لیے کوئی نشانی کیوں نہ انتخاب کر لی؟ ان سے کہو

"میں تو صرف اُس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میرے رب نے میری طرف

بھیجی ہے۔ یہ بصیرت کی روشنیاں ہیں تمہارے رب کی طرف سے اور

ہدایت اور رحمت ہے اُن لوگوں کے لیے جو اِسے قبول کریں۔ جب قرآن

تمہارے سامنے پڑھا جائے تو اسے توجہ سے سنو اور خاموش رہو، شاید کہ تم

پر بھی رحمت ہو جائے"۔ اے نبیؐ، اپنے رب کو صبح و شام یاد کیا کرو دل ہی

دل میں زاری اور خوف کے ساتھ اور زبان سے بھی ہلکی آواز کے ساتھ - تم ان لوگوں میں سے نہ ہو جاؤ جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں - جو فرشتے تمہارے رب کے حضور تقرب کا مقام رکھتے ہیں وہ کبھی اپنی بڑائی کے گھمنڈ میں آکر اس کی عبادت سے منہ نہیں موڑتے اور اس کی تسبیح کرتے ہیں، اور اس کے آگے جھکے رہتے ہیں -

वह अल्लाह ही है जिसने तुम्हें एक जान से पैदा किया और उसी की जिस्म से उसका जोड़ा बनाया ताकि उसके पास सुकून हासिल करे | फिर जब मर्द ने औरत को ढांक लिया तो उसे एक खफिफ-सा हमल रह गया जिसे लिए-लिए वह चलती-फिरती रही | फिर जब वह बोझल हो गई तो दोनों ने मिलकर अल्लाह, अपने रब से दुआ की कि अगर तूने हमको अच्छा-सा बच्चा दिया तो हम तेरे शुक्रगुज़ार होंगे | मगर जब अल्लाह ने उनको एक सही व सालिम बच्चा दे दिया तो वे उसकी बखशिश व इनायात में दूसरों को उसका शरीक ठहराने लगे | अल्लाह बहुत बलन्द व बरतर है उन मुशरिकाना बातों से जो ये लोग करते हैं | कैसे नादान हैं ये लोग कि उनको ख़ुदा का शरीक ठहराते हैं जो किसी चीज़ को पैदा नहीं करते, बल्कि ख़ुद पैदा किए जाते हैं, जो न इनकी मदद कर सकते हैं और न आप अपनी मदद ही पर क़ादिर हैं | अगर तुम उन्हें सीधी राह पर आने की दावत दो तो वे तुम्हारे पीछे न आएँ | तुम खाह उन्हें पुकारो या ख़ामोश रहो, दोनों सूरतों में

तुम्हारे लिए यकसाँ ही रहे | तुम लोग ख़ुदा को छोड़कर जिन्हें पुकारते हो वे तो महज़ बन्दे हैं जैसे तुम बन्दे हो | इनसे दुआएँ माँग देखो, ये तुम्हारी दुआओं का जवाब दें अगर उनके बारे में तुम्हारे ख़यालात सही हैं | क्या ये पाँव रखते हैं कि उनसे चलें? क्या ये हाथ रखते हैं कि उनसे पकड़े? क्या ये आँखें रखते हैं कि उनसे देखें? क्या ये कान रखते हैं कि उनसे सुनें? ऐ नबी, उनसे कहो कि “बुला लो अपने ठहराए हुए शरीकों को, फिर तुम सब मिलकर मेरे ख़िलाफ़ तदबीरें करो और मुझे हरगिज़ मुहलत न दो, मेरा हामी व नासिर वह ख़ुदा है जिसने यह किताब नाज़िल की है और वह नेक आदमियों की हिमायत करता है | बखिलाफ़ इसके तुम जिन्हें ख़ुदा को छोड़कर पुकारते हो वे न तुम्हारी मदद कर सकते हैं और न ख़ुद अपनी मदद ही करने के क़ाबिल हैं, बल्कि अगर तुम उन्हें सीधी राह पर आने के लिए कहो तो वे तुम्हारी बात सुन भी नहीं सकते | बज़ाहिर तुमको ऐसा नज़र आता है कि वे तुम्हारी तरफ़ देख रहे हैं मगर फ़िल-वाक़े वे कुछ भी नहीं देखते |” ऐ नबी, नर्मी व दरगुज़र का तरीक़ा इख़तियार करो, मारुफ़ की तलकीन किए जाओ, और जाहिलों से न उलझो | अगर कभी शैतान तुम्हें उकसाए तो अल्लाह की पनाह माँगो, वह सब कुछ सुननेवाला और जाननेवाला है | हक़ीक़त में जो लोग मुत्तक़ी हैं उनका हाल तो यह होता है कि कभी शैतान के असर से कोई बुरा ख़याल अगर उन्हें छू भी जाता है तो फ़ौरन चौकन्ने हो जाते हैं और फिर उन्हें साफ़ नज़र आने लगता है कि उनके लिए सही तरीक़े-कार क्या है | रहे उनके (यानी शयातीन के) भाई बन्द, तो वे उन्हें उनकी कजरवी में खींचे लिए चले जाते हैं और उन्हें भटकाने में कोई कसर उठा नहीं रखते | ऐ

≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈

नबी, जब तुम इन लोगों के सामने कोई निशानी (यानी मोजिज़ा) पेश नहीं करते तो ये कहते हैं कि तुमने अपने लिए कोई निशानी क्यों न इन्तिख़ाब कर ली? उनसे कहो, “मैं तो सिर्फ़ उस वहय की पैरवी करता हूँ जो मेरे रब ने मेरी तरफ़ भेजी है | यह बसीरत की रौशनियाँ हैं तुम्हारे रब की तरफ़ से और हिदायत और रहमत है उन लोगों के लिए जो उसे क़बूल करें | जब क़ुरआन तुम्हारे सामने पढ़ा जाए तो उसे तवज्जुह से सुनो और ख़ामोश रहो, शायद कि तुमपर भी रहमत हो जाए |” ऐ नबी, अपने रब को सुबह व शाम याद किया करो दिल ही दिल में ज़ारी और खौफ़ के साथ और ज़बान से भी हल्की आवाज़ के साथ | तुम उन लोगों में से न हो जाओ जो गफ़लत में पड़े हुए हैं | जो फ़रिश्ते तुम्हारे रब के हुज़ूर तक़र्रुब का मक़ाम रखते हैं वे कभी अपनी बड़ाई के घमंड में आकर उसकी इबादत से मुँह नहीं मोड़ते, और उसकी तस्बीह करते हैं, और उसके आगे झुके रहते हैं |”

≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈≈